


# محمدعامر خان کا تیز رفتار باؤلنگ سے حریف کھلاڑیوں پر دھاک بٹھانے کا عزم

- این سی اے میں ٹریننگ کیمپ کے دوران محمد عامر اور وہاب ریاض نے اہم ٹپس دیں، محمد عامر خان
- نوجوان کرکٹر کی آئی سی سی انڈر 19 ورلڈکپ کے دوسرے وارم اپ میچ میں متاثرکن کارکردگی

**لاہور، 15جنوری2020ء:**

سوات سے تعلق رکھنے والے نوجوان فاسٹ باؤلر محمد عامر خان آئی سی سی انڈر 19کرکٹ ورلڈکپ 2020 میں عمدہ کارکردگی دکھانے کے لیے پرامید ہیں۔ نوجوان فاسٹ باؤلر کے پسندیدہ کرکٹر شعیب اختر ہیں اور وہ انہی کی طرح تیز رفتار باؤلنگ سے حریف کھلاڑیوں پر اپنی دھاک بٹھانے کے لیے پرعزم ہیں۔

ایک سو چالیس کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گیند پھینکنے والے دائیں ہاتھ کے فاسٹ باؤلر محمد عامر خان بھی شاہین شاہ آفریدی، محمد حسنین، موسیٰ خان اور نسیم شاہ کی طرح انڈر 19 کی سطح سے قومی ٹیم میں جگہ بنانے کی خواہش رکھتے ہیں۔

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے ہمراہ جنوبی افریقہ میں موجود نوجوان فاسٹ باؤلر نے ایونٹ سے قبل دوسرے وارم اپ میچ میں سری لنکا کےخلاف دو وکٹیں حاصل کیں۔ محمد عامر خان میچ کےدوران اپنے پہلے اسپیل میں وکٹ لینے میں کامیاب نہ ہوسکے تاہم انہوں نے دوسرے اسپیل میں نپی تلی باؤلنگ کا مظاہرہ کرکے دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

نوجوان فاسٹ باؤلر کا کہنا ہےکہ میگا ایونٹ سے قبل وارم اپ میچ میں شرکت

سےانہیں جنوبی افریقہ کی کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہونے میں مدد ملی، ان کا ہدف آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ میں بہترین باؤلر کا اعزازحاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہاکہ وہ تیزرفتار باؤلنگ کو اپنی قدرتی صلاحیت سمجھتے ہیں اوریہی ان کا ہتھیار ہے۔

محمد عامر خان کا کہنا ہےکہ نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں قومی فاسٹ باؤلرز کے ہمراہ ٹریننگ کرنا ایک یادگار تجربہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ کیمپ کے دوران فاسٹ باؤلر محمد عامر اور وہاب ریاض نے انہیں اہم ٹپس دیں۔ نوجوان فاسٹ باؤلر نے کہا کہ سینئر کھلاڑیوں نے انہیں مختلف ورائٹیز سیکھائیں ہیں جس کا عملی مظاہرہ وہ ورلڈکپ کے دوران کریں گے۔

حالیہ سیزن کے دوران قومی انڈر 19 ٹورنامنٹ کےپانچ میچوں میں 18 وکٹیں حاصل کرنے والے محمد عامر خان نے ایونٹ میں خیبرپختونخوا کی نمائندگی کی تھی۔وہ اس سے قبل دورہ آسٹریلیا میں قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی نمائندگی بھی کرچکے ہیں۔

ٹیپ بال کرکٹ سے کھیل کا آغاز کرنے والے فاسٹ باؤلر میں کرکٹ کا شوق آئی سی سی ورلڈکپ 2011 کے میچز ٹیلی ویژن پر دیکھ کر پیدا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وہ شعیب اختر کی تیر رفتار باؤلنگ اور جمی اینڈرسن کی باؤلنگ اسکلز سے بہت متاثر ہیں۔

سولہ ٹیموں پر مشتمل آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2020 کے سلسلے میں جنوبی افریقہ میں موجود قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم پریٹوریا میں پانچ روز گزارنے کے بعد آج پوچیف اسٹروم روانہ ہوگئی ہے۔ 17جنوری سے شروع ہونے والے ایونٹ کے گروپ سی میں موجود پاکستان اپنا پہلا میچ 19 جنوری بروز اتوار کو اسکاٹ لینڈ کے خلاف کھیلے گا۔

**اسکواڈ(یکم ستمبر 2000 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جاسکتا تھا):**

اوپنرز: عبدالواحد بنگلزئی (کوئٹہ)، حیدر علی (راولپنڈی) اور محمد شہزاد (ملتان)۔

مڈل آرڈرز: محمد حارث (پشاور)،محمد حریرہ (سیالکوٹ) اور محمد عرفان خان (لاہور)۔

وکٹ کیپر: روحیل نذیر(کپتان)۔

آلراؤنڈرز: عباس آفریدی( پشاور)، فہد منیر (لاہور)، قاسم اکرم (لاہور)۔

اسپنرز: عامر علی (لاڑکانہ) اور آرش علی خان (کراچی)۔

فاسٹ باؤلرز: عامر خان (پشاور)، محمد وسیم جونیئر (شمالی وزیرستان) اور طاہر حسین (ملتان)۔

**ٹیم منیجمنٹ:**

اعجاز احمد ( ہیڈ کوچ کم منیجر)، راؤ افتخار انجم (باؤلنگ کوچ)، عبدالمجید(اسسٹنٹ کوچ)، حافظ نعیم الرسول (فزیو تھراپسٹ)، صبور احمد (ٹرینر) ، عثمان ہاشمی( اینالسٹ) ،عماد حمید (میڈیا منیجر) اورکرنل (ر)عثمان رفعت انوری(سیکورٹی منیجر) ۔

**شیڈول:**

19جنوری 2020: پاکستان بمقابلہ اسکاٹ لینڈ
22جنوری 2020: پاکستان بمقابلہ زمباوے
24جنوری 2020: پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش
9فروری 2020: فائنل

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk